GlaxoSmithKline Consumer Healthcare Pakistan Limited

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام 2022

شیئر ہولڈر کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ GlaxoSmithKline Consumer Healthcare Pakistan Limited ("کمپنی") کا تیسرا غیر معمولی اجلاس عام ("EOGM") 5 دسمبر 2022ء کو بوقت صبح 10:00 بجے بیچ لگژری ہوٹل، کراچی اور ورچوئل طریقہ کار کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

عمومی کاروبار:

A 21 مارچ 2022 کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی منظوری۔

خصوصی کاروبار:

B کمپنی کا نام 'GlaxoSmithKline Consumer Healthcare Pakistan Limited' سے 'Haleon Pakistan Limited' میں تبدیل کرنے پر غور و خوض اور منظوری اور مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کی منظوری:

"یہ قرارپایا کہ کمپنی کا نام متعلقہ ریگولیٹری اور شیئر ہولڈر کی منظوریوں سے مشروط 'GlaxoSmithKline Consumer Healthcare Pakistan Limited' سے تبدیل کر کے 'Haleon Pakistan Limited' کر دیا جائے گا، جو کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ نام کی تبدیلی سے متعلق سرٹیفکیٹ آف انکارپوریشن کی تاریخ سے نافذ العمل ہو گا۔

مزید یہ قرارپایا کہ رجسٹرار آف کمپنیز کی جانب سے نام کی تبدیلی کی منظوری کے بعد، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کمپنی کا نام 'GlaxoSmithKline Consumer Healthcare Pakistan Limited' سے 'Haleon Pakistan Limited' میں تبدیل کر دیا جائے گا۔ جہاں کہیں بھی مذکورہ میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ظاہر ہو۔

مزید یہ قرارپایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، اور/یا چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی سکریٹری کو مشترکہ اور/یا انفرادی طور پر ایسے تمام امور، اقدامات اور کاروائی جو کہ مذکورہ قرارداد کے نفاذ کے لیے ضروری یا معاون تصور کی جائیں بشمول کمپنی کا نام تبدیل کرنے اور میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو تبدیل کرنے کے مقصد کے لیے ضروری بلار کاوٹ امور کی انجام دہی اور ستاویزات کی تعمیل کا بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے، جس میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے روبرو مطلوبہ درخواستیں دائر کرنا اور ان قراردادوں کے سلسلے میں تمام قانونی گوشواروں، فارمز، نوٹس، سرٹیفکیٹز اور دستاویزات پر دستخط کرنا شامل ہیں، تاہم ان تک محدود نہیں۔"

C کمپنیز ایکٹ 2017 کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لیے کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی پر غور و خوض اور منظوری۔

"یہ قرارپایا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے ساتھ ہم آہنگی کیلئے کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کی بذریعہ ہذا منظوری دی جاتی ہے۔

مزید یہ قرارپایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، اور/یا چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی سکریٹری کو مشترکہ اور/یا انفرادی طور پر ایسے تمام امور، اقدامات اور کاروائی جو کہ مذکورہ قرارداد کے نفاذ کے لیے ضروری یا معاون تصور کی جائیں بشمول میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو تبدیل کرنے کے مقصد کے لیے ضروری بلار کاوٹ امور کی انجام دہی اور ستاویزات کی تعمیل کا بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے، جس میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے روبرو مطلوبہ درخواستیں دائر کرنا اور ان قراردادوں کے سلسلے میں تمام قانونی گوشواروں، فارمز، نوٹس، سرٹیفکیٹز اور دستاویزات پر دستخط کرنا شامل ہیں، تاہم ان تک محدود نہیں۔"

دیگر کاروبار:

D چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

مشعل محمد
کمپنی سکریٹری

کراچی
14 نومبر 2022ء

نوٹس:

1- ورچوئل/فزیکل EOGM اور حاضری پروٹوکول:

a) SECP سرکلر نمبر 4 سال 2021 مورخہ 15 فروری 2021، سرکلر نمبر 6 سال 2021 مورخہ 3 مارچ 2021، اور SECP کی جانب سے جاری کردہ وضاحت بحوالہ نمبر SMD/SE/2(20)/2021/117 مورخہ 15 دسمبر 2021ء کی تعمیل میں، EOGM کی کارروائی جسمانی اور عملی طور پر منعقد کی جائے گی۔ کمپنی COVID-19 کے خطرات اور اس سلسلے میں کسی بھی حکومتی ہدایات کی پیروی کرتی ہے۔ EOGM کے حوالے سے کسی بھی متعلقہ اپ ڈیٹ کا اعلان کمپنی کی ویب سائٹ (www.pk-consumerhealthcare.gsk.com) پر اور PUCARS کے ذریعے کیا جائے گا۔

b) EOGM میں شرکت کرنے والے شیئر ہولڈرز کو مورخہ 2 دسمبر 2022ء کو کاروبار کے اختتام سے قبل اپنے ارادے کا اندراج کرانا ہو گا۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ نام، فولیو نمبر، CNIC نمبر، اور اپنے CNIC کی اسکین شدہ کاپی (سامنے اور عقب) کمپنی کے ای میل ایڈریس pakistan.shareinfo@haleon.com پر ای میل کے ذریعے ارسال کر دیں، اور ضروری تصدیق کے بعد، EOGM تک رسائی کے لیے ایک لنک انہیں ای میل پر فراہم کر دیا جائے گا۔

c) براہ کرم QR کوڈ کو اسکین کریں یا EOGM کے لیے کسی بھی سوال کو پوسٹ کرنے کیلئے مندرجہ ذیل لنک تک رسائی حاصل کریں کیونکہ ٹیلی کان خود بخود تمام مائیکروفونز کو ساکت کر دے گا۔

Join at:
Vevox.app

ID:
140-866-901

https://vevox.app/#/m/140866901

Session ID: 140-866-901

Email Address: pakistan.shareinfo@haleon.com

d) براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ عملی طور پر شرکت کرنے والے ممبران ڈائریکٹرز کو روبرو ملاحظہ کر سکیں گے اور EOGM کی لائیو کارروائی کی سماعت حاصل کر سکیں گے تاہم ساکت رہیں گے تاکہ کسی بھی رابطے میں رکاوٹوں سے بچا جا سکے۔ EOGM میں شرکت کرنے والے ممبران EOGM سے قبل اور/یا EOGM کے دوران اپنے متعلقہ سوالات/تبصرے/تجاویز اپنے نام اور فولیو نمبر کے ساتھ لنک/QR کوڈ/ای میل ایڈریس پر جمع کرا سکتے ہیں، جو مذکورہ بالا نوٹس ہذا میں فراہم کیا گیا ہے۔

2- کتب بندش

کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتابیں مورخہ 29 نومبر 2022ء تا 5 دسمبر 2022ء (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ مورخہ 28 نومبر 2022ء کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر واقع سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک-بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی 74000 میں موصول ہونے والی درخواستیں غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور جیسا کہ قابل اطلاق ہو مذکورہ مقصد کیلئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

3- پراکسیوں کی تقرری

EOGM میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے EOGM میں شرکت اور رائے دہی کیلئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کی تقرری کے دستاویز باقاعدہ طریقے سے دستخط شدہ اور مہر شدہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر واقع سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک-بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو EOGM کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل جمع کرانا لازمی ہے۔ پراکسی فارم کے ساتھ شیئر ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی تصدیق شدہ ایک عدد کاپی لازمی منسلک ہونی چاہیے۔ مزید معلومات کے لیے براہ کرم کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 137 سے ملاحظہ کریں۔ فزیکل شیئرز کے حامل حصص یافتگان کو بھی اپنا اصل CNIC اور/یا شیئر ہولڈرز کے CNIC کی کاپی ہمراہ لانا ضروری ہے جن کے وہ پراکسی ہیں۔ ایسے شیئر ہولڈرز کو CNIC کے بغیر EOGM میں شرکت/حصص یافتگان کے رجسٹر میں دستخط کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ (www.pk-consumerhealthcare.gsk.com) پر دستیاب ہے۔

4- CDC اکاؤنٹ ہولڈرز

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی بیان کردہ مندرجہ ذیل ہدایات پر مزید عمل کرنا ہو گا۔

a) **EOGM میں شرکت**

- انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب/اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا اس فرد کو جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور اس کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اَپ لوڈ ہوں، جو اجلاس میں شرکت کے وقت ان کا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ فراہم کر کے انکی شناخت کی تصدیق کرے گی۔
- کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنے ہوں گے۔

b) **پراکسی کی تقرری**

- انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب/اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا اس فرد کو جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور اس کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اَپ لوڈ ہوں۔
- پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہیے جن کے نام پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم میں درج ہوں۔
- نیشنلیشن اوتھ کی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونی چاہئیں۔
- EOGM میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کیلئے پراکسی کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہو گا۔
- کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوں گے۔

پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے: www.pk-consumerhealthcare.gsk.com

5- فزیکل شیئر ہولڈرز کے لیے تقاضے

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اور فارمز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 19 کے مطابق، تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی مطلوبہ معلومات جیسے CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، موبائل/ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ، ہمارے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ پتے پر فراہم کر دیں تاکہ قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی بھی مشکلات سے بچا جا سکے۔

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400 ٹیلی فون۔ ٹول فری: 0800-23275، ای میل: info@cdcsrsl.com، ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com

6- پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ

مزید کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، کسی بھی ایجنڈا آئٹم کے مقصد کیلئے، کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط، قابل اطلاق قانون کے مطابق مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے یعنی ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی جو کہ مذکورہ ضوابط میں شامل ہے۔

7- سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز رجع آوری

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، ہر موجودہ ولسٹڈ کمپنی پر لازم ہے کہ وہ SECP کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ جو کہ ایکٹ کے آغاز یعنی 30 مئی 2017ء سے چار (4) سال سے زیادہ مدت کے اندر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں اس طریقے سے تبدیل کرائیں جیسا کہ درج ہے۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھولیں یا سی ڈی سی کے ساتھ براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں رکھیں۔ جو کہ بہت سے طریقوں سے فائدہ مند ہے، بشمول کسی بھی وقت حصص کی محفوظ تحویل اور فروخت، چونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

8- پتہ اور زکوٰۃ کی حیثیت کی تبدیلی

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اگر ان کے رجسٹرڈ ڈاک پتے یا ای میل ایڈریس میں کوئی تبدیلی ہو تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ ان پر لاگو ہونے والی عدم کٹوتی کی زکوٰۃ فارم جمع کرائیں۔ مزید براں، سی ڈی سی کے ذریعے حصص کے حامل شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شرکاء کو اپ ڈیٹ کریں۔

9- غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ/شیئر سرٹیفکیٹ

کمپنی نے اس سے قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کی ہیں جس کے تحت کمپنی نے قانون کے مطابق اپنے غیر دعوہ شدہ ڈیویڈنڈ کا دعوی کرنے کیلئے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کیا۔ ایسے شیئر ہولڈرز، جن کے ڈیویڈنڈ کا ابھی تک دعویٰ نہیں کیا گیا ہے، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بقایا ڈیویڈنڈ کی رقم اور/یا غیر وصول شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کا دعویٰ کرنے کیلئے کمپنی سے رجوع کریں۔

10- EOGM میں قانونی ضابطہ اخلاق

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 215 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اور فارمز) ریگولیشنز 2018 کا ریگولیشن 28، شیئر ہولڈرز کا ضابطہ اخلاق حسب ذیل ہے: شیئر ہولڈرز کو ایسے فیصلوں کیلئے براہ راست انتظامیہ سے رجوع یا اثر و رسوخ استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے جس کی وجہ سے انتظامیہ کے ہموار امور کی انجام دہی میں رکاوٹیں پیدا ہو سکتی ہیں۔ قانون میں بیان ہے کہ شیئر ہولڈرز ایسا مواد نہیں لائیں گے جس سے شرکاء یا احاطے کو خطرہ ہو جہاں EOGM منعقد کیا جا رہا ہے، خود EOGM کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک محدود رکھیں اور کسی سیاسی وابستگی کو ظاہر نہیں کریں۔ مزید برآں کمپنی کو کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے سیکشن 185 کے مطابق اپنے اجلاسوں میں اپنے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت مادی حقائق کا بیانیہ

ایجنڈا آئٹم (B):

GSK plc کمپنی سے 18 جولائی 2022 سے الگ ہونے کے نتیجے میں کمپنی اب ''Haleon plc'' کمپنی کی ایک گروپ کمپنی ہے۔ Haleon plc کمپنی ایک خود مختار لسٹڈ (LSE اور NYSE) کمپنی ہے جو بالترتیب 18 جولائی 2022ء اور 20 جولائی 2022ء کو GSK plc سے کنزیومر ہیلتھ کیئر کے کاروبار کو الگ کرنے کے نتیجے میں تشکیل دی گئی تھی۔ لہٰذا پاکستان میں گروپ کی تبدیلی کو ظاہر کرنے کیلئے، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے نام کی تبدیلی کی منظوری دے دی ہے۔

خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط، کمپنی اپنا نام GlaxoSmithKline Consumer Healthcare Pakistan Limited سے تبدیل کر کے Haleon Pakistan Limited کر رہی ہے۔ شیئر ہولڈرز کی منظوری کے بعد کمپنی اپنے نام کی تبدیلی، میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کیلئے SECP کراچی کے رجسٹرار آف کمپنیز کو تبدیلی پر کارروائی اور نام کی تبدیلی پر انکارپوریشن کا سرٹیفکیٹ جاری کرنے کیلئے درخواست دے گی۔

کمپنی کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے سیکشن 22 کے مطابق کمپنی کے دستاویزات میں، جہاں قابل اطلاق ہو، ضروری تبدیلیاں بھی کرے گی۔ مزید برآں کمپنی اپنے سابقہ نام کا ذکر کرے گی جیسا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے سیکشن 13 کے تحت تجویز کیا گیا ہے۔

ایجنڈا آئٹم (C):

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 21 اکتوبر 2022 کو ہونے والے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کی منظوری دی ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 32 اور 38 کے تحت مقرر کردہ خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 41 میں بیان کردہ مقررہ فارمیٹ کے مطابق کمپنی میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو تبدیل کرنا چاہتی ہے۔ شیئر ہولڈرز کی منظوری کے بعد، کمپنی SECP کراچی کے رجسٹرار آف دی کمپنیز کو میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کیلئے درخواست دے گی۔